More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر:۱۶

# حیاتیات

سوال نمبر:(۱) درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔

**(الف) حیاتیات کیا ہے؟ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔**

جواب: حیاتیات ایک ایسا علم ہے کہ جس میں جانداروں کی زندگی، ارتقا اور درجہ بندی پر بحث کی جاتی ہے۔ حیاتیات کا دائرہ انسانوں، جانوروں، پیڑ پودوں اور کیڑے مکوڑوں کے علاوہ آبی جانوروں کو بھی اپنے گھیرے میں لئے ہوئے ہے۔ غرض یہ کہ جو چیز بھی جاندار ہے وہ علمِ حیاتیات کا موضوع ہے۔

**(ب) نباتات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟**

جواب: علمِ نباتات پیڑوں اور پودوں کی زندگی اور نشو ونما کا مطالعہ کرتا ہے۔

**(ج) حیوانیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟**

جواب: علمِ حیوانیات میں انسانوں اور حیوانوں کی زندگی، نشو ونما اور تبدیلیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

**(د) خُردبینی جانوروں کا مطالعہ حیاتیات کی کون سی شاخ میں کیا جاتا ہے؟**

جواب: خورد بینی جانوروں کا مطالعہ حیاتیات کی شاخ "مائیکرو بائیولوجی" میں کیا جاتا ہے۔

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ہ) عام زندگی میں حیاتیات کس طرح فائدہ مند ثابت ہوتی ہے؟

جواب: علمِ حیاتیات ہماری عام زندگی میں بہت ہی فائدہ مند ثابت ہو رہا ہے۔ علمِ حیاتیات کی تحقیقات کی وجہ سے انسانی زندگی میں بہتری، علاج و معالجے کے معاملات میں ترقی اور شرح اموات میں کمی آ رہی ہے جبکہ ایسی بیماریوں کے علاج بھی دریافت ہو رہے ہیں کہ جن کا علاج ماضی میں ناممکن تھا۔ دوسری جانب حلال جانوروں پر تحقیق کر کے انکی پیداوار میں اضافہ اور صحتمند جانوروں کی پیدائش ممکن بنائی جا رہی ہے۔ جبکہ پودوں پر تحقیقات سبزیوں، پھلوں اور دیگر درختوں کی بہتر نسل تیار کرنے میں مددگار ہے۔ حیاتیات کے میدان میں ہونے والی نت نئی ایجادات نے ادویات، طب، زراعت، دندان سازی، حیوانی علاج، باغبانی وغیرہ میں بہت سہولیات فراہم کیں ہیں۔

سوال نمبر:(۲) درج ذیل میں دُرست جوابات پر صحیح کا نشان (✓) لگایئے۔

(الف) حیاتیات کے معنی ہیں:

(۱) زندگی کا مطالعہ (۲) پودوں کا مطالعہ (۳) جانوروں کا مطالعہ

(۴) جانوروں اور پودوں کا مطالعہ

(ب) مسلمان سائنسدانوں نے سائنسی کارنامے انجام دیئے۔

(۱) بیسویں صدی سے اکیسویں صدی تک (۲) انیسویں صدی میں

(۳) چودھویں صدی میں (۴) آٹھویں سے بیسویں صدی تک

(ج) حیاتیات کا باقاعدہ آغاز........میں ہُوا:

(۱) لاطینی دور میں (۲) یونانی دور میں (۳) انگریزی دور میں

(۴) فرانسیسی دور میں

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر:(۳) درج ذیل خالی جگہیں پُر کیجئے۔

(الف) وہ جاندار جو آنکھ سے نظر نہیں آسکتے اُن کا مطالعہ حیاتیات کی شاخ مائیکرو بائیولوجی میں کیا جاتا ہے۔

(ب) گرین ہاؤس کی مدد سے ہر موسم میں کاشت کی جارہی ہے۔

(ج) حیاتیات روزمرّہ زندگی کے بہت سے مسائل حل کرنے میں مدد دے رہی ہے۔

(د) حیاتیات کو تین بڑی شاخوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر:(۴) درج ذیل دُرست بیانات کے آگے صحیح کا نشان (✓) لگایئے۔

(ا) حیاتیات کی شاخ حیوانیات کا تعلق پودوں سے ہے۔ [ ✗ ]

(ب) حیاتیات کی ابتدا قبل از مسیح ہوئی تھی۔ [ ✓ ]

(ج) لفظ لوگوز کے معنی زندگی ہیں۔ [ ✓ ]

(د) خُردحیاتیات کا تعلق جانوروں سے ہے۔ [ ✗ ]

سوال نمبر:(۵) درج ذیل الفاظ کے مترادفات لُغت سے تلاش کر کے لکھئے۔

| الفاظ | افعال | حقائق | متبادل | جراحت | غذا |
|---|---|---|---|---|---|
| مترادفات | اعمال | سچائی | بَدَل | چیر پھاڑ | خوراک |

سوال نمبر:(۶) کسی سائنسدان پر نوٹ لکھیں۔

جواب: تھامس ایلوا ایڈیسن (المعروف تھامس ایڈیسن)

دنیا کو بہت اہم ایجادات کا تحفہ دینے والا سائنسدان تھامس ایلوا ایڈیسن (Thomas Alva Edison) امریکہ کے علاقے اوہایو میں ۱۱ فروری ۱۸۴۷ء کو پیدا ہوا۔ اُس کی ایجادات میں مووی کیمرہ، فونوگراف، پاور جمع رکھنے والی بیٹری

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

اور سب سے اہم بجلی کا بلب شامل ہیں۔ ۷ سال کی عمر میں اُسے اسکول میں داخل کیا گیا مگر صرف دو تین مہینوں کے بعد اُسے اسکول سے نکال دیا گیا۔ کیونکہ وہ اساتذہ کی نظر میں پڑھنے والا بچہ نہیں تھا۔ ایڈیسن کی ماں بھی ٹیچر تھی اس لئے اُس نے ایڈیسن کو گھر پر پڑھانا شروع کر دیا۔ ۱۲ سال کی عمر میں وہ سڑکوں پر اخبار بیچا کرتا تھا۔ اُس نے اپنا بھی ایک اخبار "گرانڈ ٹرنک ہیرالڈ" شائع کرنا شروع کر دیا۔ اُس نے ریل کی ایک بوگی میں اپنی لیباریٹری قائم کر لی۔ ایک دِن جب وہ تجربہ کر رہا تھا تو آگ بھڑک اُٹھی اور بوگی جل گئی ریلوے افسر نے اُسے ایسا تھپڑ مارا کے اُس کی سماعت کمزور ہو گئی۔ تاہم اُس نے ہمت نہ ہاری اور اپنی کوشش جاری رکھی۔ وہ دنیا کا نامور موجد سائنداں اور بزنس مین بنا۔ اُس نے بجلی کا بلب دے کر ساری دنیا کو اندھیروں سے نکال کر روشنی میں پہنچا دیا۔ ۱۸ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو ایڈیسن کی موت ہو گئی۔

------------

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



www.Perfect24u.com

Perfect24u.com